ایک خوشحال اور منصفانہ اونٹاریو کیلئے بجٹ

نئی اونٹاریو حکومت روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور لوگوں کی حمایت کرنے میں مددگار

2 مئی2013 **خبر نامہ**

اونٹاریو کا 2013 کا بجٹ ـــ ایک خوشحال اور منصفانہ اونٹاریو ـــ تیز سرمایہ کاری پیدا کرتا ہےجو معیشت کو مضبوط بنائے گی،نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں اور 18- 2017 تک خسارے کو ختم کرنے کی کاروائی میں مدد کرے گا۔

2013 کا اونٹاریو بجٹ مندرجہ ذیل کے ذریعہ ایک خوشحال اور منصفانہ اونٹاڑیو کی تجویز دیتا ہے:

- تقریباً 30,000 نوجوانوں کیلئے روزگار پیدا کرنے اور معتبر صلاح حاصل کرنےکے مواقع ،اور جدّت اور کاروبار ی مہم جوئی کو فروغ دینے کیلئے ،دو سالوں میں 295 ملین ڈالر کی نوجوان روزگار حکمتِ عملی قائم کر کے
- عوام کیلئے نقل و حمل، سڑکوں، پلوں، ہسپتالوں اور اسکولوں کیلئے بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری کے ذریعہ روزگار کے مواقع پیدا کر کے
- نو ملین گاڑی چلانے والوں کیلئے گاڑیوں کی انشورنس کی شرح میں اوسطاً پندرہ فیصد تک کی کمی کر کے
- 46,000 مزید لوگوں کی فوری طور پر گھر اور کمیونٹی کی دیکھ بھال حاصل کرنے اور اُنکے اپنے گھر کے آرام میں حاصل کرنے میں مدد کر کے
- مزید روزگار کے مواقع پیدا کرنے کیلئے چھوٹے کاروباروں کو ٹیکس سے نجات مہیا کر کے ، اُنکی آجر ہیلتھ ٹیکس(Employer Health Tax)پر چھوٹ کی تنخواہ کو 400,000 سے 450,000ڈالر تک بڑھا کر
- سماجی امداد کو تبدیل کرنے کیلئے قدم اُٹھا کر تا کہ زیادہ وصول کنندگان کو روزگار ملنے اور اپنے مالی تحفظ کو بہتر بنانے میں مدد ملے

اس وقت13- 2012 میں 9.8 بلین ڈالر خسارے کا اندازہ لگایا گیا ہے ـــ جو کہ 2012 کے بجٹ میں کی گئی پیشگوئی کے مقابل پر 5 بلین ڈالر بہتر ہے۔مالی سال جو ابھی ختم ہوا ہے نشاندہی کرتا ہے کہ لگاتار چوتھے سال بھی اس صوبہ نے پیشگوئی سے کم گھاٹا رپورٹ کیا ہے ـــ کینیڈا میں یہ واحد حکومت ہے جس نے اس درجہ کی کامیابی حاصل کی ہے۔پروگرام اخراجات میں اضافہ لگاتار دوسرے سال بھی ایک فیصد سے کم متوقع ہے۔

2012-13 کیلئے مطلوبہ خسارہ پر غالب آنے کے علاوہ ، یہ صوبہ 2012 کے بجٹ میں 2013-14 کیلئے متوقع کئے گئے 12.8بلین ڈالر کے خسارے میں سےمزید 1.0بلین ڈالر سے زیادہ کی بہتری لانے کی توقع کر رہا ہے۔ 2012-13 میں اخراجات پروگرام 2012 میں متوقع بجٹ جیسا ہی ہے۔ 2013-14 کے بعد، حکومت 2012 کے بجٹ میں خسارے میں مسلسل کمی کے مقصود کیلئے پیش کئے گئے خاکہ کو پورا کرنے میں رستہ پر آ جائے گی اور 2017-18 میں 0.5 بلین فاضل حاصل کرے گی۔

../2

اہم پارٹنرز کے ساتھ کام کر کے ،حکومت چھ حصّوں پر مبنی اقتصادی تجدید کی منصوبہ بندی مرتّب کر رہی ہے، جو اونٹاریو کی معیشت کو ترقی اور روزگار پیدا کرنے کے نئے مواقع ہتھیانے میں مدد کرے گی۔

1. **مسابقتی کاروباری ماحول** — ایک مسابقتی نظامِ ٹیکس کی حمایت کر رہا ہے اور مؤثر مقررہ قاعدہ روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور اقتصادی ترقی کیلئے نئی کاروباری سرمایہ کاری کو فروغ دیتا ہے۔
2. **جدید ضروری بنیادی ڈھانچہ** — نقل و حمل، سڑکوں ، اسکولوں اور ہسپتالوں میں سرمایہ کاری کرنا پیداواری معیشت کیلئے ایک اہم بنیاد ہے۔
3. **انتہائی تعلیم یافتہ افرادی قوت** — ہنر مندی اور تعلیم کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کیلئے روزگار پیدا کرنےمیں سرمایہ کاری کرنا یہ یقینی بناتا ہے کہ اس صوبہ کہ لوگ کام کر سکتے ہیں اور خوشحال بن سکتے ہیں۔
4. **کاروباری مہم جوئی اور جدت کو فروغ دینا** — عالمی معیشت کیلئے خیالات کو جدید اشیا اور خدمات میں تبدیل کرنے کی اونٹاریو کی صلاحیت کو مضبوط کرکے۔
5. **عالمی بننا** — اشیا اور خدمات کے حصول کیلئے مارکیٹ تک رسائی میں توسیع کرنے کیلئے اونٹاریو کی حدود کے باہر دوسرے صوبوں ، امریکہ اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کے کاروبار کے ساتھ کام کرکے
6. **متحرک اور مضبوط کمیونٹیز** — تمام کمیونٹیز اور علاقائی معیشتوں کی مدد کرکےتا کہ وہ روز گار کے مواقع اور اقتصادی ترقی سے فائدہ اُٹھائیں۔

نئی حکومت اونٹاریو کے خاندانوں کو مزید حمایت مہیا کروانے کے قدم اُٹھانا بھی جاری رکھے گی،یہ اونٹاریو کے ایب اوریجنل (Aboriginal)لوگو ں کیلئے مہیا مواقع کو بہتر بنائے گی ، سب سے کمزور کی حفاظت کرے گی اور محفوظ اور مضبوط کمیونٹیز بنائے گی۔

اونٹاریو کا 2013 کا بجٹ سب کیلئے ایک منصفانہ اور خوشحال اونٹاریو کی تعمیر کرے گا۔

اقتباس

'' اونٹاریو کی نئی حکومت اونٹاریو کے تمام لوگوں کی مدد کرنے اور 2017-18 تک خسارے کو ختم کرنے کیلئے پُر عزم ہے۔اپنے مالی نصب العین کو شکست دیکر،ہم اُن چیزوں میں سرمایہ کاری کو جاری رکھ سکتے ہیں جو روزانہ کی زندگی میں لوگوں کیلئےسب سے اہم ہیں۔ہم صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم کی حفاظت کر رہے ہیں۔ہم نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔معیشت کو مضبوط کرنے کیلئے ہماری متوازن رسائی سب کیلئے روزگار پیدا کرنے اور ایک خوشحال اور منصفانہ اونٹاریو بنانے میں مدد کرے گی۔''

Charles Sousa—وزیر خزانہ(Minister of Finance)

فوری حقائق

- حکومت حقیقی مجموعی گھریلو مصنوعات (GDP) کی ترقی، 2013 میں 1.5فیصد،2014 میں2.3 فیصداور 2015 اور2016 دونوں سالوں میں 2.4 فیصد متوقع کر رہی ہے
- حکومت نے بجٹ سے قبل 1,000 سے زائد تنظیموں کے ساتھ مشاورت منعقد کی اور پورے اونٹاریو میں ٹیلی فون کے ذریعہ ہوئی بات چیت (Telephone town halls)کے دوران کمیونٹیز کے 600,000 سے زیادہ گھروں کی بات سُنی۔
- اونٹاریو فی الحال کینیڈا کے صرف دو ایسے صوبوں میں سے ایک ہے جو 2012-13 کیلئے اپنے مالی مقصود کو شکست دینے کے رستہ پر ہیں۔

- اونٹاریو نے جون 2009 سے اب تک ،مندی کے دوران کھو گئے تمام روزگاروں کو دوبارہ حاصل کرکے ،تقریباً 400,000 روزگار کے مواقع پیدا کئے ہیں .
- اونٹاریو کی اگلے تین سالوں میں ضروری بنیادی ڈھانچے میں 35بلین ڈالر کی منصوبہ بند سرمایہ کاری ہر سال اوسطً 100,000 سے زیادہ روزگار پیدا کرنے کی حمایت کرے گی۔
- حکومت ، اونٹاریو پبلک سروسز کے اصلاحی کمیشن (Commission on the Reform of Ontario's Public Services)کی 362 سفارشات میں سے 60 فیصد سفارشات کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے اور باقی سفارشات پر عمل درآمد کرنے کا مطالعہ کر رہی ہے

مزید معلومات حاصل کریں

بجٹ پڑھیں.

بجٹ پر ہوئی تقریر کو دیکھیں.

بجٹ کی تصاویر دیکھیں.

بجٹ کے متعلق پسِ منظر معلومات پڑھیں:
- اونٹاریو کا اقتصادی نقطہ نظر اور مالی منصوبہ بندی
- اونٹاریو میں گاڑی چلانے والوں کو پیسے بچانے میں مدد
- ایک منصفانہ معاشرہ
- دی اونٹاریو ٹریلیم بینیفٹ(The Ontario Trillium Benefit):لوگوں کیلئے زیادہ پسند
- نوجوانوں کیلئے روزگار پیدا کرنا

بجٹ کی سُرخیاں پڑ ھیں۔

صرف میڈیا کی تحقیقات کیلئے:
Susie Heath ,وزیر کا دفتر(Minister's Office)، 416-325-3645
Scott Blodgett ,وزیر خزانہ(Ministry of Finance) ,416-325-0324

عوامی تحقیقات کیلئے فون کریں:
1-800-337-7222
ٹی ٹی وائی: 1-800-263-7776

ontario.ca/finance-news